Music By Hemant Kumar

بیسپا پکچرز کا شاہکار

22

درگیش نندنی

اداکاران
بینا رائے
پردیپ کمار
کے این سنگھ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

ایک بار شیکھر اپنے دوست شیام کے ساتھ آب وہوا تبدیل کرنے ایک پہاڑی پر گیا دونوں ایک گیسٹ ہوس میں ٹھہرے۔ گیسٹ ہوس کے مالک کا نام مسٹر سنگھ تھا۔ دنیا جو ایک خاندانی لڑکی تھی کسی مجبوری کی وجہ سے اس گیسٹ ہوس میں ناچا کرتی تھی

آگے پردہ پر دیکھیں

ہل اسٹیشن کے گانے

گانا نمبر ۱

یہ مارا وہ مارا
کوئی جیتا اور کوئی ہارا
ہار جیت کا یہ کھیل ہے۔ یہ دیکھو کتنا ہے پیارا
وہ مارا۔۔
تیری زندگی میں ایسے موقعے سہانے نہ آئیں گے
تیرے ہی یہ تیرا بگڑا مقدر بنائیں گے
یہیں چمکے گا تیرے نصیب کا تارا
ہار جیت کا کھیل۔۔۔
دیکھ او متوالے آگے سے اپنا دامن بچائے جا
سن اے بھولے بھالے کبھی قسمت سے دھوکا بھی کھائیگا
رونا ہنسنا تو جیون کا کھیل ہے سارا
ہار جیت کا کھیل۔۔

گانا نمبر ۲

او بازیگر ہے بازیگر
دو پیار کی باتیں کر ذرا او دو پیار کی باتیں کر
آ ہم سے مِلا کے نظر
او بازیگر...

جیت سمجھا ہے جس کو تیری ہار ہے
دیکھ آنکھوں میں ظالم تیری پیار ہے
ہم سے دامن چھڑا کے چلا ہے کدھر
او جانِ جگر تو کھیل مگر
آ ہم سے مِلا کے نظر
او بازیگر...

لُوٹ لینے کی تجھ کو نئی چال ہے
دُشمنوں کا بچھایا ہوا جال ہے
نہ پھنسنا کہ اس جال میں بے خبر
او جانِ جگر تو کھیل مگر
او ہم سے مِلا کے نظر
او بازیگر...

گانا نمبر ۳

لڑکی:۔ گوری گوری پتلی کلائی رے بلموا
چھوڑ نہ دینا پکڑ کے
چلے جانا نہ ہم سے اکڑ کے

لڑکا :۔ چوری چوری میری گلی آنا ری سجنیاں
نہ دیکھیں محلے کے لڑکے
ذرا گھر سے نکلنا جی تڑکے
لڑکی :۔ چھوڑ کے نہ جانا میرا دل نہ دکھانا
دیکھو پیار نبھانا او بلم رسیا
لڑکا :۔ من میں بٹھاؤں تو سے اپنا بناؤں
گوری تیرے بنا میرا کہیں لگے نہ جیا
لڑکی :۔ کیوں بتیاں تمہاری ہیں پڑ کے
چلے جانا نہ ہم سے اکڑ کے
گوری گوری ...
لڑکا :۔ تیرا ہوں دیوانہ تو نے اتنا نہ جانا
تو سے من کی یہ بتیاں بتاؤں کیسے
لڑکی :۔ پیار کی ماری گنوں رتیاں کو تارے
مجھے اپنا نہ حال سناؤں کیسے
دل میں شعلہ محبت کا بھڑکے
چلے جانا نہ ہم سے اکڑ کے
گوری گوری ...

گانا نمبر ۲

بنیا :۔ نئی منزل نئی راہیں نیا ہے مہرباں اپنا
نہ جانے جا کے ٹھہرے گا کہاں یہ کارواں اپنا
شمیم :۔ نہ چمکے گی جہاں بجلی نہ آئے گا جہاں طوفاں

بنائیں گے اُسی ڈالی پہ جاکر آشیاں اپنا
بنیا :۔ بھروسہ ہے مُقدر پر تمہارا ہی سہارا ہے
کہیں دُشمن نہ بن جائے یہ ظالم آسماں اپنا
نئی منزل ...
بدل کر زندگی میری نہ تم مجھ سے بدل جانا
اگر تم بھی جو بدلے تو ٹھکانا پھر کہاں اپنا
دونوں :۔ دکھائیں گے ہمیں یہ چاند تارے راہ منزل کی
بلا سے ہو اگر دُشمن تو ہو سارا جہاں اپنا
نئی منزل ...

گانا نمبر ۵

نئی منزل نئی راہیں نیا ہے مہرباں اپنا
نہ جانے جا کے ٹھہرے گا کہاں یہ کارواں اپنا
بہار آئی ہے گلشن میں
کھِلی ہیں ہر طرف کلیاں
کسی کیلئے جو روٹھا ہے چمن سے باغباں اپنا
نئی منزل ...
لگی مہندی نئی دُلہن
بجی شہنائیاں لیکن
یہ میری بد نصیبی ہے کہ چھوٹا ہے جہاں اپنا
نئی منزل ...

گانا نمبر ۶

محبت بن تڑپنے سے قرار آتا ہے اس دل کو
جو ظالم دل کو تڑپائے وہی بھاتا ہے اس دل کو
محبت میں...
خوشی کی زندگی میں غم اگر تھوڑا سا شامل ہو
تو سمجھ جاؤ کہ جینے کا مزا آتا ہے اس دل کو
محبت میں....
بھلاتا اگر چاہو تو وہ بھولا نہیں جاتا
کوئی تو بات ہے ایسی جو یاد آتا ہے اس دل کو
محبت میں۔
اکیلی شمع کب جلتی ہے پروانہ بھی جلتا ہے
وہ خود بھی تو تڑپتا ہے جو تڑپاتا ہے اس دل کو
محبت میں...

ختم شد

(الہ آباد پریس دہلی)